


**صدر ڈیٹر ایف۔ اُکڈورف**
صدارتی مجلسِ اعلیٰ میں مشیرِ دوم

# جنرل کانفرنس۔ کوئی عام برکت نہیں

**کلیسیا** کا ایک اچھار کن اپنے ایسے ہمسائے سے گفتگو کر رہا تھا جو ہمارے ایمان کا نہیں تھا۔ گفتگو کا عنوان جب جنرل کانفرنس کی طرف آیا، تو ہمسائے نے پوچھا، ''آپ بتاتے ہو کہ آپ کے نبی اور رسول ہیں؟ اور سال میں دو مرتبہ عالمگیر کانفرنس میں وہ خدا کا کلام منکشف کرتے ہیں؟''

''یہ بالکل ٹھیک بات ہے،'' اُس رکن نے بڑے اعتماد کے ساتھ جواب دیا۔

اُس ہمسائے نے ایک لمحہ کے لئے سوچا۔ لگتا تھا کہ وہ اِس بات میں خاصی دلچسپی رکھتا تھا اور پھر اُس نے پوچھا، ''پچھلی جنرل کانفرنس میں اُنہوں نے کیا بتایا تھا؟''

اِس بات پر کلیسیا کا وہ اچھار کن انجیل کو بیان کرنے کے بارے پُرجوش تو بہت ہوا مگر اِس کے ساتھ ساتھ شرمساری بھی محسوس کی۔ کیوں کہ جس قدر وہ کوشش کر سکتا تھا اُس نے کی، مگر ایک پیغام کی تفصیل کے بارے بھی سوچ نہ سکا۔

اُس کے دوست نے اُس کو پریشان دیکھا اور کہا، ''آپ بتانا چاہتے ہو کہ آج کے ہمارے اِس دَور میں خدا آدمی کلام سے کرتا ہے مگر آپ یاد نہیں رکھ سکتے کہ اُس نے کیا کہا ہے؟''

اِس تبادلہ گفتگو سے اُس بھائی نے فروتنی محسوس کی۔ اُس نے وعدہ کیا وہ آئندہ جنرل کانفرنس میں خداوند کے خادموں کے کلام کو بہتر طور پر یاد رکھے گا۔

ہم سب جانتے ہیں کہ جنرل کانفرنس کے ہر ایک پیغام کو یاد کرنا کتنا مشکل ہے، اور میں بااعتماد ہوں کہ اگر ہم سب کچھ نہ بھی یاد کریں تو ہمیں شرمسار ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، ہر ایک جنرل کانفرنس میں کچھ پیغامات جو پیش کئے جاتے ہیں وہ خاص طور پر ہماری ذاتی زندگی کی صورت حال کے لئے تحفے کے طور پر ہیں اور آسمان سے برکت ہیں۔

جنرل کانفرنس کی تیاری میں، میں تین بنیادی نکات کی تجویز دیتا ہوں جو خداوند کے خادموں کے کلام کو بہتر طور پر پانے، یاد کرنے، اور اِس کا اطلاق کرنے میں ہماری مدد کر سکتے ہیں۔

### ۱۔ کلیسیا کے ارکان جنرل کانفرنس کے موقع پر جب الہامی کلام سنتے اور اُس کا مطالعہ کرتے ہیں تو وہ ذاتی مکاشفہ پا سکتے ہیں۔

جب آپ جنرل کانفرنس کے لئے تیار ہوتے ہیں، تو میں آپ کو دعوت دیتا ہوں کہ اُن سوالات کے بارے غور و خوض کریں جن کے جواب کی آپ کو ضرورت ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر، آپ خداوند سے اُس ہدایت اور رہنمائی کی خواہش کر سکتے ہیں، جو اُن چنوتیوں کے بارے ہیں جن کا آپ سامنا کر رہے ہیں۔

آپ کی مخصوص دعاؤں کا جواب براہ راست کسی خاص پیغام سے یا خاص فقرے سے مل سکتا ہے۔ کسی اور وقت میں جواب کسی ایسے لفظ، فقرے، یا گیت سے مل سکتا ہے جو بظاہر غیر متعلقہ دکھائی دیتا ہے۔ زندگی کی برکات کے لئے شکر گزاری سے بھرا دل اور سننے اور مشورت کے کلام کی پیروی کرنے کی سنجیدہ خواہش ذاتی مکاشفہ کی راہ کو تیار کرے گی۔

### ۲۔ کسی پیغام کو محض اِس لئے مت چھوڑیں کہ یہ تو پہلے سے ہی شناسا لگتا ہے۔

نبیوں نے ہمیشہ دہرائی کے طریقے سے سکھایا ہے؛ یہ سیکھنے کا قانون ہے۔ آپ جنرل کانفرنس میں تعلیمات اور عنوانات میں دہرائی ہوئی باتیں سنیں گے۔ میں پھر سے

آپ کو یقین دلاتا ہوں: کہ یہ تصور یا تخلیقی فقدان کے سبب نہیں ہے۔ ہم ایسے ہی مسائل پر پیغامات پانااس لئے جاری رکھیں گے کیوں کہ خداوند ہم کو سکھا رہا ہے اور ہمارے دلوں اور ذہنوں پر عظیم ابدی اہمیت کے یقینی ابدی اصولوں کو نقش کر رہا ہے، اور پیشتر اس سے کہ ہم دوسری چیزوں کی طرف بڑھیں ہم لازمی طور پر اِن کو سمجھ سکیں اور اِن پر عمل کر سکیں۔ ایک عقل مند معمار چھت کی تعمیر کرنے سے پہلے دیواروں کی بنیادیں رکھتا ہے۔

### ۳۔ جنرل کانفرنس پر کیا گیا کلام آنے والے مہینوں کے دوران ہمارے لئے ایک قطب نما ہونا چاہیے جو راہ کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

اگر ہم روح کی ترغیبات کو سنیں اور اُن کی پیروی کریں، تو وہ لیحونا کی طرح کام کریں گی، انجان، چنوتی سے بھرپور وادیوں اور پہاڑوں میں ہماری راہنمائی کرتے ہوئے۔ (دیکھئے انیفی ۱۶)۔

دُنیا کے آغاز سے ہی، خدا نے نبیوں کو پیدا کیا جنہوں نے اپنے اَدوار کے لوگوں کو آسمانی مرضی بتائی۔ اب یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اُن پیغامات کو جو خداوند ہمارے لئے مہیا کرتا ہے اُنہیں سُنیں اور اُن کا اطلاق کریں۔

ہمارا رحم دل شفیق آسمانی باپ نہ تو ہم کو بھولا ہے اور نہ ہی اپنے بچوں کو بھولے گا۔ آج بھی، ماضی کی طرح، اُس نے نبیوں اور رسولوں کو مقرر کیا ہے۔ وہ اپنا کلام اُن پر منکشف کرنا جاری رکھتا ہے۔

جنرل کانفرنس کے دوران ہم سب کے لئے خدا کے پیغامات کو سننا کیسا شاندار خصوصی حق ہے! آئیں اُس کے منتخب خادموں کی الٰہی ہدایت کے وسیلے سے اِس عظیم برکت کے لے ہم اچھے طریقے سے تیار ہوں۔

کیونکہ یہ کوئی عام برکت نہیں

---

### اِس پیغام سے تعلیمات

- مضمون کو مل کر پڑھیں۔ خاندان کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ جنرل کانفرنس کے دوران سنی جانے والی باتوں کی شناخت کریں۔
- چھوٹے بچوں کی مدد کے لئے صدر اُکڈورف کی دی جانے والی نصیحت کا اطلاق کریں، اُن کو جنرل اتھارٹی کا چارٹ دکھائیں (جو لیحونا کے کانفرنس شمارے میں پایا جاتا ہے)۔ اُن کو بتائیں کہ صدارتی مجلسِ اعلیٰ اور بارہ رسولوں کی جماعت جنرل کانفرنس میں خطاب کرے گی۔ بچوں کی جنرل کانفرنس سننے کی حوصلہ افزائی کریں اور اُنہوں نے جو سیکھا ہے اُسے یاد رکھنے میں مدد دینے کے لئے اُس کی تصویر بنائیں۔ والدین بچوں کے لئے کانفرنس کی زیادہ سرگرمیوں کے واسطے conference-games.lds.org پر وزٹ کر سکتے ہیں۔

## نوجوان

### اچھا، بہتر، بہترین

**میری سیلیسٹی لوئس**

اکتوبر ۲۰۰۷ء کی جنرل کانفرنس میں، بارہ رسولوں کی جماعت سے ایلڈر ڈیلن ایچ۔ اوکس نے اچھا، بہتر، اور بہترین کی سرگرمیوں کے بارے بات کی۔ جب اُس نے بچوں کے لئے "بچوں کا حد سے زیادہ شیڈول بنانا،" کے بارے بات کی تو میں ندامت سے اپنی سیٹ پر ہی پیچ و تاب کھا رہی تھی۔

میں جانتی تھی کہ میں ایسا بہت زیادہ کر رہی تھی۔ میں سکول کے ڈراموں میں تھی، سکول میں چنوتی والی کلاسوں میں حصہ لے رہی تھی، اور اِس کے علاوہ بھی مختلف سرگرمیوں میں تھی۔ میں ینگ وومن کی سرگرمیوں میں وفاداری سے شریک نہیں ہو رہی تھی، اور میرے اتوار میرے آخری لمحہ پر ہوم ورک کو مکمل کرنے کے سبب ہمیشہ سے ہی تناؤ بھرے ہوتے تھے۔ موسیقی کی مشق اور سکول کے اخبار کی تدوین نے اپنے مزاح کے عنصر کو کھو دیا تھا اور محض ایک کام رہ گیا تھا۔

ایلڈر اوکس کے پیغام نے مجھے موقع دیا کہ میں اپنے شیڈول پر ایک بار نظر دوڑا سکوں۔ میری سرگرمیاں اچھی تھی، مگر وہ بہت زیادہ تھیں۔ مجھے اُن میں سے بہترین کو تلاش کرنا تھا۔ جب میں نے فیصلہ کیا کہ کس سرگرمی کو چھوڑنا ہے، تو میں نے محسوس کیا کہ یسوع مسیح کی انجیل کو اپنانا ایک بہترین ترجیح ہو سکتی ہے جو کوئی بھی رکھ سکتا ہے۔ میں نے اپنی فہرست میں دعا اور مطالعہ صحائف کو سب سے اُوپر رکھا، اور تب سے، میری زندگی زیادہ آرام سے چل رہی ہے۔

ایلڈر اوکس نے مجھے سکھایا کہ جب ہم وہ کرتے ہیں جو خداوند چاہتا ہے کہ ہم پہلے کریں، تو باقی کی ساری چیزیں خود بخود آرام سے پیچھے ہٹ جاتی ہیں۔ اگر میں اپنا کھیل کھیلنے یا اپنا ہوم ورک کرنے سے پہلے صحائف کا مطالعہ کرتی ہوں، تو ہر ایک ضروری کام ہو جائے گا۔ جب میں اپنی زندگی کی بنیاد خداوند کے گرد رکھتی ہوں، تو میری زندگی میں اطمینان اور کامیابی کا اضافہ ہو جاتا ہے۔

اب میں جنرل کانفرنس میں دی جانے والی مشورت کو سننے کے بارے بہت محتاط ہوں۔

## بچے

### میں جنرل کانفرنس کے ذریعے سے جوابات پا سکتا ہوں

صدر اُکڈورف بتاتا ہے کہ اگر آپ جنرل کانفرنس سے پہلے چند سوالوں کے بارے سوچتے ہیں، تو خداوند کانفرنس کے دوران اپنے نبیوں اور رسولوں کے ذریعے سے بات کر سکتا ہے۔

۱۔ ایک خاندان یا جماعت کے طور پر، جو کچھ سیکھنے کی ضرورت ہے اُس کے بارے، انفرادی یا اجتماعی طور پر گفتگو کریں۔ (مثال کے طور پر: میں اپنی گواہی کو کیسے مضبوط کر سکتا ہوں؟ سکول میں مجھے کسی مسئلہ سے کیسے نمٹنا چاہیے؟) اپنے رونامچہ میں کاغذ کے ایک ٹکڑے پر، اپنے سوالات درج کریں۔

۲۔ کانفرنس منعقد ہونے کے قریبی ہفتوں کے دوران، آپ اِن سوالات کے بارے سوچ سکتے اور دعا کر سکتے ہیں۔

۳۔ کانفرنس کے دوران غور سے پیغامات کو سنیں (حوالہ جات کے لئے یہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں) پھر لکھیں کہ خداوند کیسے آپکے اِن سوالات کے جوابات دے سکتا ہے۔

۴۔ کاغذ کے ایک اور ٹکڑے پر، آپ نے جو کچھ سیکھا ہے وہ کرتے ہوئے اپنی تصویر بنا سکتے ہیں۔

©2011 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ پاکستان میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/10 اجازت برائے ترجمہ: 6/10۔ *First Presidency Message, September 2011* Translation of کا Urdu ترجمہ۔ 09769 434

ایمان • خاندان • فلاح

# روحانیت بڑھانے کے سبب خاندانوں کو مضبوط کرنا

اِس مواد کا مطالعہ کریں اور، جہاں تک مناسب ہو، اِس کو اُن بہنوں کے ساتھ بیان کریں جن سے آپ ملاقات کرنے جاتی ہیں۔ وہ سوالات استعمال کریں جو آپ کی بہنوں کو مضبوط کرنے میں آپ کی مدد کریں اور ریلیف سوسائٹی کو آپ کی اپنی زندگی کا ایک سرگرم حصہ بنائے۔

**جولی** بی۔ بیک، ریلیف سوسائٹی کی جنرل صدر نے فرمایا: "مجھ میں خدا کی بیٹیوں کی قدر کی غالب گواہی نے فروغ پایا ہے۔۔۔ میں نے محسوس کیا ہے کہ اِس سے پہلے بڑھے ہوئے ایمان اور ذاتی راستبازی کی کبھی بھی اتنی ضرورت نہیں رہی ہے۔ اِس سے پہلے مضبوط خاندانوں اور گھروں کی کبھی بھی اتنی ضرورت نہیں رہی ہے۔"

بہنیں جب ذاتی مکاشفہ پر عمل کرتی ہیں تو وہ مضبوط گھروں اور خاندانوں کو تخلیق کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ "ذاتی مکاشفہ کے لئے کوالیفائی کرنا، اِس کو پانا، اور ذاتی مکاشفہ پر عمل کرنا ہی ایسی واحد لازمی مہارت ہے جو اِس زندگی میں حاصل کی جا سکتی ہے،" بہن بیک جاری رکھتی ہیں۔ "خداوند کے روح کے لیے کوالیفائی کرنے کا آغاز اِس روح کی خواہش کے ساتھ ہوتا ہے اور اہلیت کے خاص درجہ کے ساتھ اِس کا اطلاق ہوتا ہے۔ حکموں پر قائم رہتے ہوئے، توبہ کرتے ہوئے، اور بپتسمے کے وقت کئے گئے عہود کی تجدید کرتے ہوئے خداوند کے روح کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنے کی برکت کی طرف رہنمائی ہو سکتی ہے۔ ہیکل کے عہود باندھتے اور اِن پر قائم رہتے ہوئے بھی ایک خاتون کی زندگی میں روحانی مضبوطی اور طاقت کا اضافہ ہو سکتا ہے۔ بہت سارے مشکل سوالوں کے جوابات مطالعہ صحائف میں پائے جاتے ہیں کیوں کہ صحائف مکاشفہ کے لئے ایک مدد ہیں۔۔۔ روزانہ کی دعائیں خداوند کا روح اپنے ساتھ رکھنے کے لئے ضروری ہیں۔"[1]

جب ہم اپنے خاندان کے ارکان کی ابدی منصوبے کو سمجھنے میں مدد کرتی ہیں تو ہم اپنے خاندان کے ارکان کو روحانی طور پر مضبوط کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

"ہم اپنے بچوں کو اُن ابدی کرداروں کے لئے روحانی طور پر بہتر طریقے سے کیسے تیار کر سکتے ہیں؟" بارہ رسولوں کی جماعت کے ایلڈر رسل ایم۔ بیلرڈ نے کہا۔ "شائد سب سے جامع جواب ہے: اُن کو سکھائیں کہ انجیل کے اصولوں کے مطابق کیسے زندگی گزارنی ہے۔" یہ تعلیمات روزانہ کی دعاؤں سے، مطالعہ صحائف سے، اور خاندانی طور پر کھانا کھانے کے وقت کے ساتھ ساتھ ہفتہ وارانہ خاندانی شام اور چرچ جانے سے ملتی ہیں۔ ایلڈر بیلرڈ واضح کرتا ہے: ٹھیک اِس وقت، ہم ہر روز ابدی زندگی کے لئے تیار ہوتے ہیں۔ اگر ہم اپنی ابدی زندگی کے لئے تیار نہیں ہو رہے ہیں، تو ہم کسی کم، شائد کم ترین چیز کی تیاری کر رہے ہیں۔"[2]

## صحائف سے

امثال ۲۲:۶؛ ایوحنا ۳:۲۲؛ تعلیم اور عہد ۱۱:۱۳—۱۴؛ ۱۹:۳۸؛ ۶۸:۲۵

## ہماری تاریخ سے

نبی جوزف سمتھ نے اپریل ۱۸۴۲ء میں ریلیف سوسائٹی کی میٹنگ میں بہنوں کو بتایا کہ اپنی نجات ڈھونڈنے کے لئے اُن کے پاس ایک سنجیدہ فرض ہے۔ اُس نے کہا، "[میری] ہدایت کے بعد، آپ اپنے گناہوں کے ذمہ دار ہوں گی؛ یہ ایک قابل عزت خواہش ہے کہ آپ کو اپنے آسمانی باپ کی حضوری میں ایسے چلنا چاہیے جیسے آسمانی باپ نے آپ کو بچایا ہو؛ اِس طرح سے ہم سب اِس بات کے ذمہ دار ہیں کہ ہم اپنے خداوند کے نور اور حکمت کے طریقے سے ترقی کریں جو ہمارے خداوند نے ہمیں دیا ہے اور جو ہمیں خود کو بچانے کے اہل بناتا ہے۔"[3] اُس نے بتایا کہ انفرادی طور پر راستباز ہوں، پاک لوگ بنیں، اور ہیکلی عہود اور رسومات کی تیاری کریں۔

### حوالہ جات


۱۔ جولی بی۔ بیک "And upon the Handmaids in Those Days Will I Pour Out My Spirit," لیحونا، مئی ۲۰۱۰ء، ۱۰—۱۱

۲۔ ایم۔ رسل بیلرڈ، "Spiritual Development," اینزائن، نومبر ۱۹۷۸ء، ۶۵، ۶۶

۳۔ کلیسیائی صدور کی تعلیمات: جوزف سمتھ (۲۰۰۷ء)، ۳۵۵۔


## میں کیا کر سکتی ہوں

**۱۔** روحانی خود انحصاری میں بڑھنے کے لئے میں اپنی بہنوں کی کس طرح سے مدد کر سکتی ہوں؟

**۲۔** پاک روح کو پہچاننے اور جواب دینے کے لئے میں اپنی قابلیت کو کیسے بہتر بنا سکتی ہوں؟

مزید معلومات کے لئے، www.reliefsociety.lds.org پر جائیں۔

© 2011 by Intellectual Reserve, Inc. ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ پاکستان میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 10/6 اجازت برائے ترجمہ: 10/6۔

Translation of *Visiting Teaching Message, September 2011.* کا Urdu ترجمہ۔ 09769 434